لیگیسی فیکٹ شیٹ (لیگیسی کا حقیقت نامہ)

15 دسمبر، 2012 کو کینیڈا میں کیئے گئے پناہیوں کے محافظت کے دعووں کو متعین کرنے کے نظام کو تبدیل کیا گیا تھا تاکہ تمام نئے دعووں کی سنوائی مقرّر کرنے کے لیئے نئے طور پر وقت کی تحدید (30، 40 اور 60 دنوں) شامل کی جا سکے۔ اس وقت، تقریباً 3200 دعوے _ جن کو امگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا (آئی آر بی) "لیگیسی کلیمس" کا نام دیتا ہے_ پچھلے نظام کے وقت سے ویٹنگ لِسٹ میں تھے، جنہیں گنجائشِ صلاحیت کے مطابق شیڈول کیا گیا۔

تاخیر کی وجہ سے دعویداروں اور ان کے خاندانوں کو جو مشکلات درپیش آئی ہیں، بورڈ ان کی قدر کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اپریل 2017 میں آئی آر بی نے لیگیسی ٹاسک فورس (ٹاسک فورس) کی بنیاد کا اعلان کیا، تاکہ 1 مئی ، 2019 تک باقی تمام لیگیسی کی معاملات کی کاروائی کی جا سکے۔ ٹاسک فورس نے اپنا کام 8 مئی، 2017 کو شروع کیا۔

20 جون، 2017 کو آئی آر بی نے ایک نیوز رلیز شائع کی تھی اور ایک یو ٹیوب وڈیو تیار کیا تھا، جس میںلیگیسی کلیمینٹس (لیگیسی کے دعویداروں) کو اپنی سنوائی کی شیڈول کے لیئے اور انٹینشن ٹو پروسیڈ فارم میں اپنی معلومات کو ضرورت کے مطابق اپ ڈیٹ کرنے کے لیئے آئی آر بی سے رابطہ کرنے کو کہا گیا تھا۔

18 ستمبر، 2017 کو ٹاسک فورس نے معاملوں کی سنوائی شروع کی اور 30 نومبر، 2017 کو 4،444 لیگیسی کے معاملات کو حتمی شکل ملنا باقی ہے۔ ان بچے ہوئے معاملات میں سے، 200 سے زیادہ کے فیصلے ہو چکے ہیں اور انہیں دعویداروں کو ڈاک کے ذریعے بھیجے جانے کا عمل جاری ہے، اور مزید 979 دعوے دسمبر تا مئی 2018کے دوران سنوائی کے لیئے شیڈول ہو چکے ہیں، اور مسلسل طور پر مزید اضافے ہو رہے ہیں۔ باقی کے زیرِ التواء لیگیسی کلیمس کی سنوائی اور تکمیل جلد از جلد کی جائے گی۔ **ٹاسک فورس کا تقاضہ ہے ، ان تمام دعویداروں سے، جنہوں نے آئی آر بی سے رابطہ نہیں کیا ،   کہ وہ جلد از جلد اپنی سنوائی سیڈول کریں تاکہ آپ کے دعوے حتمی شکل ملے۔**

ریفیوجی کے دعویداروں کے لیئے ریڈی ٹورس (Ready Tours)

آئی آر بی کئی غیر سرکاری تنظیمی اداروں(این جی او ز) کی تعاون کے ساتھ ریفوجی کے دعویداروں کو ریڈی ٹورز کے ذریعے ، اپنے آنے والی ہیئرنگز کی تیاری میں مدد فراہم کرتا ہے ۔ یہ ٹورز مفت ہیں اور ہمارے وینکوور، ٹورونٹو اور مونٹریال کے دفتروں میں درپش ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیئے، براہِ کرم اس این جی او سے رابطہ کیجیئے جو آپ کے علاقے میں ریڈی ٹورز منظم کر رہا ہے۔

اضافی معلومات

- لیگیسی کلیمینٹس کے لیئے ضروری ہے کہ وہ حسبِ ضرورت انٹینشن ٹو پروسیڈ فارم پر اپنی معلومات اپ ڈیٹ کریں
- لیگیسی کلیمینٹس پرسنل انفارمیشن فارم (پی آئی ایف) کا استعمال جاری رکھیں گے۔
- آپ کو چاہیئے کہ نیشنل ڈاکومینٹیشن پیکیج میں موجود اپنے دعوے کے متعلق معلومات کی نظرثانی کریں
- آپ کے لیئے ضروری ہے کہ آپ کو آئی آر بی سے متعلق کیا کرنا ہے ، اس بارے میں ہمیشہ آگہی رکھیں، بشمول اپنی صورتحال کی تفصیل دینے کے اور اپنی کہانی سنانے کے لیئے سنوائی میں حاضری کے۔ آئی آر بی کا فیصلہ ساز اس بات کا فیصلہ کرے گا کا آپ کو ریفیوجی کی حیثیت دی جا سکتی ہے یا نہیں۔

- آپ کاحق بنتاہے کہ آپ اپنے خرچے پر وکیل مقرّر کریں جو آپ کی سنوائی میں آپ کی نمائندگی کرے گا۔ البتہ، کئی صوبے لیگل ایڈ سروسز فراہم کرتے ہیں۔ اس میں اہل دعویداروں کو قانونی معلومات، مشورہ جات، معاونت اور نمائندگی فراہم کرنا شامل ہیں۔ خدمات اور اہلیت سے متعلق تفصیلاً معلومات کے لیئے، براہِ کرم اپنے صوبے کے لیگل ایڈ ڈیلوری اینٹٹِی سے رابطہ کیجیئے۔
- جن لیگیسی کلیمینٹس کے پاس مزید سوالات ہیں، وہ لیگیسی آفس میں 1-833-534-2292 نمبر پر رابطہ کریں۔